**30.07.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. شبانہ رحمٰن

**Music**

☆ پیرس اولمپکس میں بھارت نے اپنا دوسرا تمغہ حاصل کیا۔ منو بھاکر اور سربجوت سنگھ نے دس میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ منو بھاکر ایک ہی اولمپک میں دو تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی بن کر تاریخ رقم کی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP، 8 فیصد کی شرح سے ترقی کررہی ہے اور وہ دن دور نہیں ہے جب ملک کی معیشت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن جائے گی۔

☆ کیرالہ کے وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے بڑے واقعے میں 48 سے زیادہ افراد ہلاک اور 122 سے زیادہ زخمی ہوگئے ہیں۔ فوج ،بحریہ اور NDRF کی ٹیمیں راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔

☆ صدرجمہوریہ، نائب صدرجمہوریہ اور وزیراعظم نے وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں جانی اتلاف پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے مہلوکین کے قریبی رشتہ داروں کیلئے دو دو لاکھ روپے کی مالی مدد کا اعلان کیا ہے۔

☆ جھارکھنڈ میں Barabambo اور کھرساواں ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان ہاوڑہ ممبئی میل کے 18 ڈبے پٹری سے اترنے کے واقعے میں دو افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور۔۔کرکٹ میں آج شام Pallekele کے مقام پر بھارت اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا تیسرا میچ کھیلا جائے گا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Manu Bronze**

بھارتی نشانے باز منو بھاکر اور سربجوت سنگھ نے آج پیرس اولمپکس میں 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں بھارت کیلئے دوسرا تمغہ حاصل کیا ہے۔ 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے کے فائنل میچ میں انہوں نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

منو بھاکر ایسی پہلی بھارتی کھلاڑی بن گئی ہیں جنہوں نے ایک دہائی میں کسی ایک اولمپک میں دو تمغے حاصل کئے ہیں۔

انھوں نے اِس سے پہلے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں پیرس اولمپک میں کانسے کا تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی اور وہ ایسا کرنے والی پہلی بھارتی خاتون نشانے باز بن گئی ہیں۔

**PM BUDGET CONFRENCE**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP، 8 فیصد کی شرح سے ترقی کررہی ہے اور وہ دن دور نہیں ہے جب بھارت کی معیشت دنیا کی تیسری بڑی معیشت بن جائے گی۔

آج نئی دلی میں ''مرکزی بجٹ 25-2024 کے بعد کی کانفرنس، وِکست بھارت کی جانب سفر'' کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کووڈ وبا سے نمٹنے کے بعد نئی بلندیوں پر پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام شعبوں پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سرکار جس رفتار اور تیزی کے ساتھ بنیادی ڈھانچہ تیار کررہی ہے، وہ بے مثال اور غیرمعمولی ہے۔

اُنھوں نے کہاکہ سرمایہ اخراجات کو وسائل کی سرمایہ کاری کا سب سے بڑا موثر اور کارآمد ذریعہ کہا جاتا ہے، جناب مودی نے کہا کہ 2004 میں یو پی اے حکومت کے پہلے بجٹ میں سرمایہ اخراجات تقریبا 90 ہزار کروڑ روپے تھے جو 2014 میں بڑھ کر دو لاکھ کروڑ روپے ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ اب سرمایہ اخراجات گیارہ لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہیں۔ وزیراعظم نے کہاکہ مرکزی بجٹ کا حجم تین گنا بڑھ کر 48 لاکھ کروڑ روپے ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے وزارتوں کیلئے مختص رقم میں ریکارڈ اضافہ کیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت وہ واحد ملک ہے جہاں زیادہ ترقی اور کم افراط زر ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال میں 25 کروڑ لوگوں کو غربت سے باہر نکالا گیا ہے۔

انہوں نے کہاکہ بھارت ترقی اور استحکام کا مشعل ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ اُن کی سرکار کا واضح ارادہ اور پختہ عزم ہے اور وہ وکست بھارت پر پوری توجہ کے ساتھ کام کررہی ہے۔

دن بھر چلنے والی اِس کانفرنس کا اہتمام بھارتی صنعتوں کی کنفیڈریشن CII کررہی ہے اور اِس کا مقصد اِس کوشش میں ترقی کے لیے سرکار کے وسیع تر نظریے اور صنعت کے رول کا خاکہ پیش کرنا ہے۔

اِس کانفرنس میں صنعتوں، سرکار، سفارتی برادری اور دانشورانہ حلقوں کے ایک ہزار سے زیادہ مندوبین شرکت کررہے ہیں جبکہ کئی دیگر شرکاء ملک بھر میں CII کے مختلف مراکز اور بیرون ملک سے بھی ورچوئل وسیلے سے اس میں شامل ہورہے ہیں۔

## Kerala Waynand

کیرالہ کے وائناڈ ضلع کے پہاڑی خطوں Mundakkai, Attamala اور چورمالا میں شدید بارش کے بعد آج صبح پہاڑی وائناڈ ضلع میں مٹی کے تودے کھسکنے کا ایک بڑا واقعہ پیش آیا جس میں کم از کم 48 افراد ہلاک اور 122 سے زیادہ زخمی ہوگئے ہیں جنہیں مختلف اسپتالوں میں داخل کرایا گیا ہے۔

خبروں میں کہا گیا ہے کہ سیلاب میں 10 افراد بہہ گئے۔ اُن کی لاشیں ملاپورم ضلع میں Poththukal میں واقع Chaliyar دریا میں ملی ہیں۔ مختلف خطوں میں بہت سے لوگوں کے پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔

Choorakkal میں واقع ایک اہم پُل جو Mundakkai علاقے کو منسلک کرنے کا اہم ذریعہ ہے، پانی میں بہہ گیا ہے جس کی وجہ سے پھنسے ہوئے افراد تک پہنچنے میں دشواری پیش آرہی ہے۔

ریاستی حکومت نے صورتحال سے نمٹنے کیلئے فوج کی مدد لی ہے۔ کوژی کوڈ اور کنّور ضلع سے فوجی اہلکاروں کو طبی آلات کے ساتھ روانہ کیا گیا ہے۔

بنگلورو اور تمل ناڈو کے Arakkonam سے NDRF کے اہلکاروں کے آج وائناڈ پہنچنے کا امکان ہے۔

## WAYAND EX GRATIA CONDOLENCE

وزیراعظم نریندرمودی نے وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں مہلوکین کے قریبی رشتہ داروں کو وزیراعظم کے قومی امدادی فنڈ سے دو دو لاکھ روپے کی امداد دئے جانے کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو پچاس پچاس ہزار روپے دئے جائیں گے۔ وزیراعظم نے کیرالہ کے وزیراعلی پنرئی وجین سے بھی بات کی اور انہیں مرکز کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے کیلئے فی الحال بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ وزیراعظم نے اُن کنبوں کے تیئں تعزیت کا اظہار کیا جنہوں نے اس واقعے میں اپنی جان گنوائی ہے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے وائناڈ میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں جانوں کے اتلاف پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرجمہوریہ نے زخمی افراد کی جلد صحتیابی اور امدادی کارروائیوں کی کامیابی کی دعا کی۔ نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے بھی زخمی افراد کی جلد صحتیابی دعا کی ہے۔ وزیرداخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے وائناڈ کے مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں مہلوکین کے کنبوں کے تیئں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں امت شاہ نے کہا کہ این ڈی آر ایف کی ٹیم تلاشی اور بچاؤ کی کارروائیاں جنگی پیمانے پر انجام دے رہی ہے۔ اس واقعے میں جان گنوانے والوں کیلئے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے ہر کسی حفاظت اور بہبود کی دعا کی۔

## Bengaluru MEG

مدراس انجینئرنگ گروپ (MEG) سے فوجی اہلکاروں کو بنگلورو روانہ کیا گیا ہے تاکہ وائناڈ میں امدادی اور بچاؤ کوششوں میں مدد کی جاسکے جہاں آج صبح سویرے مٹی کے تودے کھسکنے کا ایک بڑا واقعہ پیش آیا ہے جس میں بہت سے لوگوں کی جان گئی

ہے۔ MEG چورمالا علاقے میں ایک متبادل پُل کی تعمیر میں مدد کرے گی جو سیلاب میں بہہ گیا تھا۔ کیرالا کے وزیر اعلیٰ پنارائی وجیئن نے تلاشی اور بچاؤ کارروائیوں میں مدد کے لیے ڈرونز اور پولیس کے کھوجی کتوں کا استعمال کرنے کی ہدایت دی ہے۔ تھروانت پورم میں پولیس ہیڈکوارٹرس میں ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ کنٹرول روم کے نمبر ہیں:

نو چار نو سات نو صفر صفر چار صفر دو۔

صفر چار سات ایک- دو سات دو ایک پانچ چھ چھ۔

## Jharkhand Train Accident

جھارکھنڈ میں آج صبح ہاؤڑا- ممبئ میل کی 18 بوگیوں کے پٹری سے اترنے کے بعد دو مسافر ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ ٹرین کے پٹری سے اترنے کا یہ واقعہ چکردھرپور ریلوے ڈویژن کے تحت Potobeda گاؤں کے نزدیک Badabambo اور Kharsawa ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان پیش آیا۔

زخمیوں کو مقامی اسپتالوں میں داخل کرادیا گیا ہے۔ ایک ریلیف ٹرین جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہے اور بچاؤ اور امدادی کارروائیاں بڑے پیمانے پر جاری ہیں۔ ریلوے نے ہیلپ لائن نمبر جاری کئے ہیں، جو اِس طرح سے ہیں:

ٹاٹا نگر کیلئے:

صفر چھ پانچ سات دو دو نو صفر تین دو چار۔

چکردَھر پور کیلئے:

صفر چھ پانچ آٹھ سات دو تین آٹھ صفر سات دو۔

راؤرکیلا کیلئے:

صفر چھ چھ ایک دو پانچ صفر ایک صفر سات دو۔

اور

صفر چھ چھ ایک دو پانچ صفر صفر دو چار چار۔

رانچی کیلئے:

صفر چھ پانچ ایک دو سات آٹھ سات ایک ایک۔

اور ہاؤڑا کیلئے:

نو چار تین تین تین پانچ سات نو دو صفر۔

اور

صفر تین تین دو چھ تین آٹھ دو دو ایک سات۔

جنوب مشرقی ریلوے کا ٹاٹانگر- چکردھرپور ریل سیکشن متاثر ہوا ہے۔ طویل مسافت والی ٹرینوں کے راستے تبدیل کردیئے گئے ہیں اور کئی ٹرینوں کو یا تو منسوخ کردیا گیا ہے یا کچھ وقت کے لیے معطل کردیا گیا ہے۔

ریلویز نے حادثے کی شکار ہاوڑا- ممبئی ریل کے پھنسے ہوئے مسافروں کے لیے خصوصی بندوبست کیے ہیں۔ جائے حادثہ سے مسافروں کو لانے لے جانے کیلئے خصوصی بس سروس کا بندوبست کیا گیا ہے۔ ایک ریلیف ٹرین کے ذریعہ پھنسے ہوئے مسافروں کو چکردھرپور اسٹیشن لایا گیا ہے۔ 4 زخمی افراد کو پہلے ہی امداد کے طور پر پچاس-پچاس ہزار روپے دے دیئے گئے ہیں۔ باقی زخمی مسافروں کو مدد فراہم کی جارہی ہے۔

## Assam New Governer

آسام میں لکشمن پرساد آچاریہ کو ریاست کے نئے گورنر کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ گوہاٹی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس وِجے وِشنوئی نے نئے گورنر کو عہدے کا حلف دلایا۔ وزیراعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما اور اُن کے کابینی رفقاء بھی اس موقع پر موجود تھے۔ جناب آچاریہ نے اس سے پہلے سکم کے گورنر کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔

## LS AGRICULTURE

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ زرعی بنیادی ڈھانچہ فنڈ کے تحت ملک بھر میں 76 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 72 ہزار بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس مکمل کئے گئے ہیں۔ یہ اسکیم 2020 میں شروع کی گئی تھی، جس کا مقصد کاشتکاری میں نقصانات کو کم کرنا، کسانوں کیلئے مناسب قیمت فراہم کرنا، جدت طرازی کو فروغ دینا اور زرعی بنیادی ڈھانچے کیلئے سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے فصلوں کی کٹائی کے بعد کے بنیادی ڈھانچے کے بندوبست کو تیار کرنا تھا۔ اُنھوں نے کہاکہ اس اسکیم کے تحت بینکوں اور مالیاتی اداروں کے ذریعہ اہل قرض دہندگان کو ایک لاکھ کروڑ روپے فراہم کئے گئے ہیں۔ لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب چوہان نے کہاکہ سرکار غذائی اجناس کو ذخیرہ کرنے کیلئے مناسب انتظامات کررہی ہے تاکہ کسانوں کو اُن کی فصلوں کی مناسب قیمت مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کی فصل کی پیداوار بڑھانے کیلئے مسلسل کام کررہی ہے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ ملک میں زرعی ترقی کی شرح نمو تقریبا چار فیصد ہے اور ملک میں غذائی اجناس کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔

## Govt PLI Scheme

حکومت نے کہا ہے کہ 176 چھوٹی، بہت چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں، MSMEs کو ترغیبات سے منسلک پیداواری اسکیم، PLI سے فائدہ ہوا ہے۔

لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کامرس اور صنعت کے وزیرمملکت Jitin پرساد نے کہا کہ PLI اسکیموں میں اب تک ایک لاکھ 32 ہزار کروڑ روپے مالیت کی سرمایہ کاری کی جاچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ اسکیم سے آٹھ لاکھ پچاس ہزار سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا کیے گئے ہیں اور اِس سے 11 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی پیداوار ہوئی ہے اور فروخت ہوئی ہے۔ جناب پرساد نے کہا کہ اِس PLI اسکیم نے مینوفیکچرنگ کے شعبے کو خودکفیل بنانے میں مدد کی ہے۔

**FM LS BUDGET REPLY**

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن آج شام لوک سبھا میں مرکزی بجٹ 25-2024 پر بحث کا جواب دیں گی۔ مرکزی بجٹ اس مہینے کی 23 تاریخ کو پیش کیا گیا تھا جس میں سرکار نے سبھی کیلئے مواقع پیدا کرنے کی خاطر نو ترجیحات پیش کی تھیں۔ وزیرخزانہ نے مزید کہا تھا کہ غریبوں، خواتین، نوجوانوں اور کسانوں پر حکومت کی خصوصی توجہ مرکوز رہے گی۔ اُنھوں نے روزگار اور ہنرمندی کیلئے وزیراعظم کے پیکیج کا اعلان کیا تھا۔ اس کے تحت روزگار سے منسلک ترغیبات کیلئے تین اسکیموں کا اعلان کیا گیا تھا۔

**SLOVAKIA UKRAINE**

اگر یوکرین کے راستے سلوواکیہ تک روسی تیل کی سپلائی جلد دوبارہ شروع نہ کی گئی تو سلوواکیہ یوکرین کیلئے ڈیزل کی سپلائی بند کردے گا۔ سلوواکیہ کے وزیراعظم **Robert Fico** نے ایک ویڈیو پیغام میں کہاکہ یوکرین نے حال ہی میں روس سے سلوواکیہ اور ہنگری کو **Druzhba** پائپ لائن کے ذریعہ تیل کی سپلائی روک دی ہے۔ سلوواکیہ کی وزارت اقتصادیات نے کہا کہ یوکرین کے راستے سلوواکیہ کو تیل پہلے ہی بند ہوچکا ہے اور غیرحساس پابندیوں کے نفاذ سے صرف یوکرین، سلوواکیہ اور ہنگری کو نقصان پہنچے گا۔

**India - Sri Lanka - 3rd T20**

بھارت اور سری لنکا کے درمیان 3 ٹی-ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری میچ آج شام سری لنکا کے **Pallekele** بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ بھارت کو 3 میچوں کی سیریز میں سبقت حاصل ہے۔

دوسرے ٹی-ٹوئنٹی میچ میں نئے کپتان سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم نے کامیابی حاصل کرکے سیریز میں جیت کو یقینی بنالیا تھا۔ اب چونکہ بھارتی ٹیم سیریز جیت چکی ہے لہٰذا وہ آخری میچ جیت کر اِسے تین صفر سے ختم کرنا چاہے گی۔

☆☆☆